Roll No. [ ] [ ] [ ] [ ] [ ] [ ]　　　　Answer Sheet No.____________

Sig. of Candidate ____________　　　　Sig. of Invigilator.____________

# اُردو (لازمی)　ایچ ایس ایس سی-II

**GROUP – I**　　　　**حصہ اوّل (کُل نمبر:20)**　　　　وقت: 25 منٹ

نوٹ: حصۂ اوّل لازمی ہے اور صفحات 2-1 پر مشتمل ہے۔ اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔ اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبر ۱: دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔**

(i) سبق ''مولوی عبدالحق'' کس کتاب سے لیا گیا ہے؟
الف۔ بزمِ آرائیاں　ب۔ مضامین رشید　ج۔ بزمِ خوش نفساں　د۔ چند ہم عصر

(ii) ''وادیٔ ہنزہ کا چراغاں'' صنفِ نثر کے اعتبار سے کیا ہے؟
الف۔ ناول　ب۔ افسانہ　ج۔ ڈراما　د۔ سفرنامہ

(iii) اختر کا ثریا سے کیا رشتہ ہے؟
الف۔ بہن　ب۔ بھائی　ج۔ چچا　د۔ ممانی

(iv) رتن مالا کس چیز کا نام ہے؟
الف۔ ہار　ب۔ پھول　ج۔ ہندی دان　د۔ جانور

(v) ذات النطاقین کس کا لقب ہے؟
الف۔ حضرت فاطمہؓ　ب۔ حضرت اسماءؓ　ج۔ حضرت عائشہؓ　د۔ حضرت زینبؓ

(vi) ''ریل کا سفر'' کس کی نظم ہے؟
الف۔ اسرارالحق مجاز　ب۔ سید محمد جعفری　ج۔ سید ضمیر جعفری　د۔ انور مسعود

(vii) نظم ''نسیمِ بہشت'' میں شاعر کو حسینوں کی کیا چیز قیامت لگتی ہے؟
الف۔ گیسو　ب۔ ادائیں　ج۔ قد　د۔ ناز

(viii) نظم ''سورۃ الرحمٰن'' کی ہیئت کیا ہے؟
الف۔ مسدس ترکیب بند　ب۔ مسدس ترجیع بند　ج۔ قطعہ بند　د۔ مثنوی

(ix) ''سلاسل'' سے کیا مراد ہے؟
الف۔ سوالات　ب۔ پھل　ج۔ زاویے　د۔ زنجیریں

(x) تحریکِ آزادی کی مستقل سرخی کیا ہے؟
الف۔ وطن　ب۔ جنگ　ج۔ شہادت　د۔ امن

(xi) تابش دہلوی کس صدی کے شاعر ہیں؟
الف۔ بیسویں　ب۔ انیسویں　ج۔ اٹھارویں　د۔ اکیسویں

(xii) سایۂ گل میں شاعر نے کیا کیا؟
الف۔ سویا　ب۔ رویا　ج۔ سوچا　د۔ لیٹا

(xiii) میر درد کو کیا کہا جاتا ہے؟
الف۔ شاعرِ مزدور　ب۔ شاعرِ رنگین نوا　ج۔ غم کا شاعر　د۔ صوفی شاعر

(xiv) ''دلِ ریش'' سے کیا مراد ہے؟
الف۔ دلِ ناداں　ب۔ بڑا دل　ج۔ زخمی دل　د۔ خوش دل

(xv) ''میرے کہسار کے لالے ہیں تہی جام ابھی'' میں لالے سے کون مراد ہیں؟
الف۔ انسان　ب۔ فرشتے　ج۔ مسلمان　د۔ انگریز

(xvi) ؛ کس کی علامت ہے؟
الف۔ ختمہ　ب۔ وقفہ　ج۔ سکتہ　د۔ رابطہ

(xvii) قوسین کی علامت کون سی ہے؟
الف۔ -　ب۔ ( )　ج۔ '' ''　د۔ ،

(xviii) ''وہ سب کھانا کھا چکے ہیں'' میں امدادی فعل کون سا ہے؟
الف۔ چکے　ب۔ کھا　ج۔ ہیں　د۔ وہ

(xix) ''وہ گا نہیں سکتا کیونکہ بیمار ہے'' میں ''کیونکہ'' کون سا حرف ہے؟
الف۔ عطف　ب۔ اضافت　ج۔ جار　د۔ علت

(xx) ''افسوس وہ فیل ہو گیا'' میں ''افسوس'' کے بعد کون سی علامت آنی چاہیے؟
الف۔ !　ب۔ .　ج۔ ،　د۔

---

برائے ممتحن۔　　کُل نمبر: 20　　حاصل کردہ نمبر: [ ]



eduvision.edu.pk

# اُردو (لازمی)  ایچ ایس ایس سی -II

## GROUP-I

وقت: 2:35 گھنٹے  کُل نمبر حصہ دوم اور سوم : 80

نوٹ: حصہ دوم اور سوم صفحات 1-2 پر مشتمل ہے۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ (Sheet B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

### حصہ دوم (کُل نمبر 44)

سوال نمبر ۲: درج ذیل سوالات کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں: (12x3=36)

(i) کلیم کو جس مسجد میں ٹھہرایا گیا اُس کا حال بیان کریں۔

(ii) شاہ عبداللطیف کے والد کس حالت میں رہتے تھے؟

(iii) مولانا ظفر علی خان تقریر کیسے کرتے تھے؟

(یا)

مصنفہ کے مطابق سان فرانسسکو کی انفرادیت کیا ہے؟

(iv) انور مسعود نے واپڈا پر کیسے طنز کیا ہے؟

(v) نظم ''کرسی نامہ'' کا مرکزی خیال لکھیے۔

(vi) نظم ''رات اور ریل'' سے کیا سبق ملتا ہے؟

(یا)

حالؔی نے عالم، جاہل، منعم اور مفلس کی کیا حالت بتائی ہے؟

(vii) مصحفؔی دفن کیوں نہیں ہونا چاہتے؟

(viii) شاہین کس کام میں ذلت سمجھتا ہے اور کیوں؟

(ix) لطف و کرم کے باوجود محبوب کی دوستی آسان کیوں نہیں ہے؟

(یا)

دردؔ نے زاہدانِ شہر کو کیا صلاح دی ہے اور کیوں؟

(x) چکنا، سکنا، آنا کو بطور امدادی افعال جملوں میں استعمال کریں۔

(xi) علامتِ سکتہ کے استعمال کی دو مثالیں لکھیے۔

(یا)

عبارت میں واوین کا استعمال دو مثالوں سے واضح کریں۔

(xii) مطابقت کے اصولوں کے مطابق مندرجہ ذیل جملوں کو درست کریں:

الف۔ ماموں بھانجا لڑ پڑا۔

ب۔ ایسی باتوں سے رعب و وقار جاتے رہتے ہیں۔

ج۔ قلم دوات رکھے ہیں۔

سوال نمبر ۳۔ بیرونِ ملک مقیم چچا کے نام خط لکھیے اور انہیں ملکی حالات سے آگاہ کریں۔ (8)

(یا)

ایک جوتے کی آپ بیتی لکھیں۔

eduvision.edu.pk

## حصہ سوم (کُل نمبر 36)

سوال نمبر۴۔ سبق اور مُصنّف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (1+1+4=6)

الف۔ سائنس خوشیاں اور اطمینانِ قلب نہیں دے سکتی۔ خوشیاں اور اطمینانِ قلب نیکیاں اور اچھے کام کرنے سے حاصل ہوتا ہے۔ ان کا سرچشمہ اللہ تعالیٰ کی ذات پر پختہ ایمان اور اس کی ہدایات ہیں۔ سائنس اور مذہب دونوں مل کر زندگی کی احتیاجات کی تکمیل کرتی ہیں۔ جس جگہ سائنس ہے وہاں مذہب کو بھی ہونا چاہیے اور جس جگہ مذہب ہے وہاں سائنس کو بھی ضرور ہونا چاہیے۔

ب۔ مرحوم کو صرف شاعر سمجھ لینا یا یہ کہ اُن کے خیالات یا تصورات تمام کے تمام اُن کے کلام میں مقید ہو چکے ہیں بڑی غلطی ہے۔ مرحوم کی فکر و نظر کا بہت کم حصّہ اُن کے کلام میں منتقل ہوا ہے وہ بہت کچھ جانتے تھے اور یہی نہیں بلکہ اکثر کچھ ایسا بھی محسوس ہوا جیسے بعض بالکل ہی نئی باتیں دورانِ گفتگو میں ان پر کسی کوشش کے بغیر منکشف ہو گئیں!

سوال نمبر۵۔ کسی ایک جزو کی بحوالہ شاعر تشریح کیجیے اور نظم کا عنوان بھی لکھیں: (1+1+4=6)

الف۔
جگمگاتے ہوٹلوں کا جا کے نظارہ کرو
سوپ و کاری کے مزے لو، چھوڑ کر یخنی و آش
لیڈیوں سے مل کے دیکھو ان کے انداز و طریق
ہال میں ناچو، کلب میں جا کے کھیلو اُن سے تاش
بادۂ تہذیب یورپ کے چڑھاؤ خُم کے خُم
ایشیا کے شیشۂ تقویٰ کو کر دو پاش پاش

ب۔
قرنوں کے بجھتے انگار، اِک موجِ ہوا کا دم
صدیوں کے ماتھے کا پسینا، پتیوں پر شبنم
دورِ زماں کے لاکھوں موڑ، اِک شاخِ حسیں کا خم
زندگیوں کے تپتے جزیرے پر رکھ رکھ کے قدم
ہم تک پہنچی عظمتِ فطرت، طنطنۂ آدم
جھومتے کھیتو، ہستی کی تقدیرو رقص کرو

eduvision.edu.pk

سوال نمبر۶۔ درج ذیل میں سے تین اشعار کی تشریح کیجیے۔ ہر شعر کے شاعر کا نام بھی لکھیں: (3+3+3=9)

الف۔
یاد اپنی اُڑانیں آئی ہیں
جب بھی کوئی شکستہ پر دیکھا

ب۔
حالِ دل ہم بھی سناتے لیکن
جب وہ رخصت ہوا تب یاد آیا

ج۔
رگِ سنگ سے ٹپکتا، وہ لہو کہ، پھر نہ تھمتا
جسے غم سمجھ رہے ہو، یہ اگر شرار ہوتا

د۔
مری مشاطگی کی کیا ضرورت حسنِ معنی کو
کہ فطرت خود بخود کرتی ہے لالے کی حنا بندی

ہ۔
کچھ ٹھوکریں تو کھا چمک اُٹھیں گی منزلیں
پائے طلب کو فکرِ سلامت روی نہیں

سوال نمبر۷۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون لکھیں: (15)

الف۔ اسوۂ کامل
ب۔ حقوق العباد
ج۔ حبِ وطن
د۔ تعلیمِ نسواں

-----2HA 1703-----



GROUP-I

Roll No. | | | | | | |

Answer Sheet No.__________

Sig. of Candidate __________

Sig. of Invigilator.__________

# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی-II

**GROUP-II**

## حصہ اوّل (کل نمبر:20)

وقت: 25 منٹ

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے اور صفحات 1-2 پر مشتمل ہے۔اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبر1: دیے گئے الفاظ یعنی الف /ب/ج/د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔**

(i) ہجرت کے لیے حضرت ابوبکرؓ نے کتنی اونٹنیاں تیار کر رکھی تھیں؟
الف۔ تین ب۔ چار ج۔ دو د۔ پانچ

(ii) شاہ عبداللطیف کی تعلیم کس کی تعلیم تھی؟
الف۔ ارباب ادب ب۔ ارباب معرفت ج۔ شعر و ادب د۔ ارباب فن

(iii) سبق ''انارکلی'' صنف نثر کے اعتبار سے کیا ہے؟
الف۔ ڈراما ب۔ افسانہ ج۔ ناول د۔ انشائیہ

(iv) نجمہ پھوپھو کا منگیتر پیشے کے لحاظ سے کیا تھا؟
الف۔ استاد ب۔ بنکر ج۔ تاجر د۔ بروکر

(v) ''ڈاگ'' کا کیا مطلب ہے؟
الف۔ کتا ب۔ دوا ج۔ ڈاک د۔ قدم

(vi) نصاب میں کس کے قطعات شامل ہیں؟
الف۔ سید ضمیر جعفری ب۔ انور مسعود ج۔ انور مقصود د۔ نیاز سواتی

(vii) ''مری نامہ'' کیسی نظم ہے؟
الف۔ سنجیدہ ب۔ طنزیہ مزاحیہ ج۔ رومانی د۔ ڈرامائی

(viii) نظم ''اے نسیم بہشت'' کا اردو ترجمہ کس نے کیا ہے؟
الف۔ سید محمد جعفری ب۔ میر انور خان مری ج۔ میر مٹھا خان مری د۔ میر حامد علی خان

(ix) ''شوبھا'' کا کیا مطلب ہے؟
الف۔ دعا ب۔ کپڑا ج۔ رونق د۔ مسکراہٹ

(x) اسرار الحق مجاز کیسے شاعر ہیں؟
الف۔ قنوطی ب۔ رومانوی ج۔ قدامت پسند د۔ مزاحیہ

(xi) میر درد کی شاعری کیسی ہے؟
الف۔ رومانوی ب۔ ترقی پسند ج۔ قنوطی د۔ صوفیانہ

(xii) اگر غالب اور جیتے رہتے تو بھی کیا ہوتا؟
الف۔ مایوسی ب۔ بے قراری ج۔ طلب یار د۔ انتظار

(xiii) تابش دہلوی کا سال پیدائش کیا ہے؟
الف۔ 1814ء ب۔ 1912ء ج۔ 1913ء د۔ 1929ء

(xiv) ''میزان'' کا کیا مطلب ہے؟
الف۔ گھی ب۔ ترازو ج۔ میز کرسی د۔ ادب

(xv) ''منزلیں عشق کی تا حد نظر سونی ہیں'' کس کا مصرع ہے؟
الف۔ فراق ب۔ تابش ج۔ غالب د۔ ناصر کاظمی

(xvi) ''آؤ میں ہار گیا'' میں ''آؤ'' کے بعد کون سی علامت آنی چاہیے؟
الف۔ ب۔ ، ج۔ ۔ د۔ !

(xvii) ''مہمان آ چکے ہیں'' میں ''چکے'' کون سا فعل ہے؟
الف۔ اصلی ب۔ قیاسی ج۔ امدادی د۔ مضارع

(xviii) سبب بیان کرنے والے حروف کو کیا کہتے ہیں؟
الف۔ عطف ب۔ اضافت ج۔ علت د۔ جار

(xix) ''کتاب میز پر رکھی ہے'' میں ''پر'' کون سا حرف ہے؟
الف۔ جار ب۔ عطف ج۔ اضافت د۔ علت

(xx) قواعد کی رو سے جملہ مکمل کریں۔ تحریرات بند چھپ __________۔
الف۔ گئیں ب۔ گئی ج۔ گیا د۔ گئے

---

برائے ممتحن: کُل نمبر: 20 حاصل کردہ نمبر: [ ]



eduvision.edu.pk

# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی -II

## GROUP-II

کُل نمبر حصہ دوم اور سوم : 80

وقت: 2:35 گھنٹے

نوٹ: حصہ دوم اور سوم صفحات 2-1 پر مشتمل ہے۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ (Sheet B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

### حصہ دوم (کُل نمبر 44)

سوال نمبر۲: درج ذیل سوالات کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں: (12x3=36)

(i) علامہ اقبال کے مزار کے بارے مین رشید احمد صدیقی کی کیا رائے تھی؟

(ii) دفتر کے لوگ کیوں چاہتے تھے کہ مولانا ظفر علی خان دورے پر چلے جائیں؟

(iii) بیگم اختر ریاض الدین نے کھانا اتنی دیر سے کیوں کھایا؟

(یا)

قدیم سائنسی معلومات کیوں محفوظ نہ رہ سکیں؟

(iv) مسافر ریل کے ڈبے میں کیا کیا سامان لے آتے ہیں؟

(v) نسیم سحر بن پوچھے جنتی کیوں ہے؟

(vi) ''آنے والی مست رتوں کے ہونٹوں پر مسکان'' کا کیا مطلب ہے؟

(یا)

نظم ''لندن میں عقد'' میں کس پر کیا طنز کیا گیا ہے؟

(vii) ناصر کاظمی کے دل میں لہر کیوں اٹھی ہے اور اس سے کیا مراد ہے؟

(viii) چرخِ بے بنیاد زمین بوسی کی کوشش کیوں کرتا ہے؟

(ix) اقبال مقامِ بندگی چھوڑنے پر کیوں تیار نہیں؟

(یا)

''شیخ صاحب چھوڑ گھر باہر چلے'' میں کیا طنز ہے؟

(x) لینا۔ دینا۔ پڑنا کو بطور امدادی افعال جملوں میں استعمال کریں۔

(xi) عبارت میں قوسین کے استعمال کی دو مثالیں لکھیے۔

(یا)

سکتہ کے استعمال کی دو مثالیں لکھیں۔

(xii) حروفِ جار کی تعریف کریں اور استعمال کی دو مثالیں دیں۔

سوال نمبر۳۔ اپنے والد کے نام خط لکھیے اور انہیں اپنی غیر نصابی سرگرمیوں سے آگاہ کریں۔ (8)

(یا)

ایک سپاہی کی آپ بیتی لکھیے۔



eduvision.edu.pk

## حصہ سوم (کل نمبر 36)

**سوال نمبر۴۔** سبق اور مُصنّف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: **(1+1+4=6)**

الف۔ ہاں وہ بات نہ ہو کہ بے وفائی سے روسیاہی کے دفتر میں نام لکھا جائے اور ہڈیاں سب کی یہاں خاک ہوں۔ دیکھو! آخر مرنا، اوّل مرنا، پھر مرنے سے کیا ڈرنا، مگر تلوار مار کر مرنا ہزار زندگی سے بہتر ہے۔ جینا انہی لوگوں کا ہے جو آقا کے نمک اور بازوؤں کے زور پر لڑے اور مردوں کے دفتر میں نام لکھوا کر خدا کے سامنے سرخ رو گئے۔

ب۔ میں دھند میں آہستہ آہستہ چلنے لگا.... اور یہ ایک خواب میں چلنے کی طرح تھا.... دھند قلعے کی دیوار تک پہنچنے پر ختم ہوگئی.... کسی تبّتی لاما سرائے کی طرح بلتت کا قلعہ تھا، کسی بدھ بھکشو کی طرح اپنے گیان میں اپنے دھیان میں گم تھا.... میں ایک بلند جگہ پر چڑھ کر بیٹھ گیا۔ اور اب میرے نیچے وادیٔ ہنزہ دھند میں تھی اور اس سے پرے راکاپوشی کی سفیدی مبہم خیال کی طرح تھی۔

**سوال نمبر۵۔** کسی ایک جزو کی بحوالہ شاعر تشریح کیجیے اور نظم کا عنوان بھی لکھیں: **(1+1+4=6)**

الف۔
اے فنا انجام انسان کب تجھے ہوش آئے گا
تیرگی میں ٹھوکریں آخر کہاں تک کھائے گا
اس تمرّد کی روش سے بھی کبھی شرمائے گا
کیا کرے گا سامنے سے جب حجاب اُٹھ جائے گا
کب تک آخر اپنے رب کی نعمتیں جھٹلائے گا
کب تک آخر اپنے رب کی نعمتیں جھٹلائے گا

ب۔
جو دین بڑی شان سے نکلا تھا وطن سے
پردیس میں وہ آج غریب الغربا ہے
جس دین کے مدعو تھے کبھی سیزر و کسریٰ
خود آج وہ مہمان سرائے فقرا ہے
وہ دین ہوئی بزمِ جہاں جس سے چراغاں
اب اُس کی مجالس میں نہ بتی نہ دیا ہے

eduvision.edu.pk

**سوال نمبر۶۔** درج ذیل میں سے تین اشعار کی تشریح کیجیے۔ ہر شعر کے شاعر کا نام بھی لکھیں: **(3+3+3=9)**

الف۔
تیرے وعدے پر جیے ہم، تو یہ جان، جھوٹ جانا
کہ خوشی سے مر نہ جاتے، اگر اعتبار ہوتا

ب۔
آج بھی قافلۂ عشق رواں ہے کہ جو تھا
وہی میل اور وہی سنگِ نشان ہے کہ جو تھا

ج۔
جو ہم سے وعدۂ دیدارِ یار ٹھہرے گا
تو کچھ نہ کچھ یہ دِلِ بے قرار ٹھہرے گا

د۔
بے خطر کود پڑا آتشِ نمرود میں عشق
عقل ہے محوِ تماشائے لبِ بام ابھی

ہ۔
ہر چند آئینہ ہوں پر اتنا ہوں ناقبول
منہ پھیر لے وہ جس کے مجھے رو برو کریں

**سوال نمبر۷۔** درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون لکھیں: **(15)**

الف۔ وہ نبیوں میں رحمت لقب پانے والا
ب۔ اسلام اور امن
ج۔ معاشرتی برائیاں
د۔ کرو مہربانی تم اہلِ زمیں پر

------2HA 1703-----



**GROUP-II**